SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
February 16, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی کاانوسٹر ایجوکیشن پروگرام؛ بزنس وومن کے لئے آگہی ورکشاپ

اسلام آباد(۱۶فروری) سرمایہ کاری اور مالیاتی امور پر آگہی فراہم کرنے کے لئے، سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے پروگرام جمع پونجی کے زیر اہتمام اسلام آباد کی کاروباری خواتین (بزنس وومن) کے لئے تربیتی ورکشاپ کاانعقاد کیا گیا۔ کاروبار سے منسلک خواتین کو سرمایہ کاری کے امور پر آگہی فراہم کرنے کے لئے یہ پہلی ورکشاپ انڈس انٹرپنیور کے تعاون سے منعقد کی گئی۔

ایس ای سی پی کے انوسٹر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر خالدہ حبیب نے خواتین کو قانون میں دستیاب کمپنیوں کی مختلف اقسام، کمپنی کی رجسٹریشن کے طریقہ کار اور شرائط اور ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنی کی تیز ترین طریقے سے رجسٹریشن کی سہولت کے بارے میں بتایا گیا۔ ورکشاپ میں سمال اینڈ میڈیم سائز کاروبار کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کی جانب سے کئے گئے حالیہ اقدامات جیسے کہ کمپنی رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمی، ٹیکس کے فوائد اور دیگر سہولتوں پر بھی بریفنگ دی گئی۔ خالد حبیب نے کہا کہ کاروبار کی رجسٹریشن کو فروغ کا مقصد معیشت کو دستاویزی شکل دینا ہے اور ملک کے کاروباری ماحول کو بہتر بنانا ہے۔ خواتین شرکاء کو سرمایہ کاری کے لئے دستیاب مختلف قانونی مواقع، ان کی اقسام اور فوائد اور ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک کے بارے میں بتایا۔

خواتین شرکاء نے سرمایہ کاری سے متعلق آگہی سیمینار منعقد کرنے پر ایس ای سی پی کو خراج تحسین پیش کیا اور سرمایہ کاری کے حوالے سے مختلف امور کو بہتر انداز میں سمجھنے کے لئے مختلف سوالات کئے۔ خالدہ حبیب نے شرکاء کو مختلف ملکی وغیر ملکی کاروباری خواتین کی کامیابی کے واقعات سنا کر ان کا حوصلہ بڑھایا اور انہیں اپنے کاروبار کو رجسٹر کرنے کے حوالے سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔